(7)

بخدمت جناب سیکرٹری صاحب الیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد

درخواست اعتراضات برخلاف مرتب شدہ حلقہ بندی 2018 حلقہ نمبر PP65-2PP266-PP-267

تحصیل صادق آباد ضلع رحیم یار خان

جناب عالی،

سائل بذریعہ کونسل حسب ذیل عارض ہے

1- یہ کہ سائل حلقہ PP-266 کا رہائشی اور ووٹر ہے۔ جس کا شماریاتی بلاک کوڈ 253060502 اور سلسلہ نمبر 186 انتخابی حلقہ کنڈیر تحصیل صادق آباد ضلع رحیم یار خان ہے۔ ووٹ سرٹفکیٹ لف ہے۔

اعتراضات

یہ کہ حلقہ بندی 2018 کے شائع کردہ گزٹ میں حلقہ نمبر PP-266 کی آبادی / موضع جات و چکوک کو حلقہ PP-267 میں ظاہر کیا گیا ہے۔ جبکہ نقشہ کے مطابق حلقہ PP-266 صادق آباد شہر کی آبادی ہے اور حلقہ PP-267 دیہاتی علاقہ صادق آباد ہے۔ جو کہ نقشہ کے مطابق حلقہ نمبر درست ہے۔ اور شائع کردہ گزٹ مطابق غلط ہے۔ جو کہ لائق درستگی ہے۔ لہذا حلقہ کی نمبرنگ نقشہ کے مطابق درست کیا جائے۔

آپشن نمبر 1

یہ کہ حلقہ PP-266 کی حلقہ بندی کرتے وقت بلاک اور پٹوار سرکل کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ اور نہ ہی قریبی آبادی کو دوسرے ملحقہ حلقہ PP-265 میں شامل نہ کیا گیا ہے۔

3 یہ کہ حلقہ PP-266 کی آبادی قانونگوئی ماچھکہ جس کی آبادی 58382 ہے۔ حلقہ PP-265 کے ساتھ قریب ترین ہے لیکن حلقہ بندی کرتے وقت اس بات کو مدنظر نہ رکھا گیا ہے۔ اور ماچھکہ قانونگوئی کو حلقہ PP-266 میں شامل کر دیا گیا ہے۔ جو کہ بقیہ حلقہ PP-268 سے تقریبا 20 کلومیٹر دور ہے اور ان دونوں آبادیوں کی حدود اور راستہ یا دیگر آمدورفت کے وسائل آپس میں نہ ملتے ہیں

جبکہ اس آبادی ماچھکہ قانونگوئی سے آمدورفت اور حدود حلقہ PP-265 سے قریب ترین ہیں۔ اور با آسانی ملایا جاسکتا ہے۔ اور اس طرح بلاک کوڈ بھی نہ ٹوٹتا ہے اور حلقہ کی عوام کے لئے سہولت کا باعث بنے گا۔ موجودہ مدت میں حلقہ بندی کے بنیادی قوانین کی خلاف ورزی ہے۔

4- یہ کہ حلقہ PP-265 میں شامل پٹوارسرکل سنجر پور میں شامل موضع جات سنجر پور، چک 32 شرقی غربی، محمد علی آرائیں، بیگ مہر جن کی کل آبادی 29222 ہے جو کہ حلقہ PP-266 کے قریب ترین ہے پٹوار سرکل سنجر پور ایک قصبہ ہے۔ جو کہ حلقہ PP-266 میں شامل ہے دیگر آبادی کے ساتھ ملحقہ ہے آمدورفت کے وسائل مشترکہ ہیں۔ پٹوارسرکل میں کوئی تبدیلی نہ ہوئی ہے۔ اور حلقہ PP-266 کا نقشہ بہتر طور پر سامنے آئے گا۔ جس سے علاقہ رحلقہ کی عوام کو بہتر سہولت میسر ہوگی۔

5- یہ کہ حلقہ PP-265 کی آبادی پٹوارسرکل سنجر پور ملحقہ آبادی حلقہ PP-266 میں شامل کرنے اور اسی طرح حلقہ PP-266 سے ماچھکہ قانونگوئی کو حلقہ PP-265 میں شامل کرنے سے دونوں حلقہ جات کی آبادی میں کوئی خاص فرق نہ پڑتا ہے۔ لہذا قانونگوئی ماچھکہ کو حلقہ PP-265 میں شامل کیا جائے۔ اور پٹوارسرکل سنجر پور اور ملحقہ آبادی کو حلقہ PP-266 میں شامل کیا جائے۔

6- یہ کہ قصبہ سنجر پور دو موضع جات کے درمیان میں واقع ہے۔ آدھا حصہ کو حلقہ PP-265 میں اور آدھے حلقہ کو حلقہ PP-266 میں شامل کر دیا گیا ہے۔ جو کہ کسی صورت میں درست نہ ہے۔ جو کہ حلقہ بندی کے بنیادی قوانین کی خلاف ورزی ہے۔

آپشن نمبر 2

7- یہ کہ علاقہ PP-265، میں شامل پٹواری سرکل سنجر پور جس کی آبادی 29529 ہے جو کہ کسی طرح بھی حلقہ PP-265 سے ملحقہ نہ ہے۔ بلکہ حلقہ PP-266 سے ملحقہ ہے جس کی آدھی آبادی پہلے ہی حلقہ PP-266 میں شامل ہے جس کو حلقہ بندی نقشہ میں واقع طور پر دیکھا جاسکتا ہے۔

8- یہ کہ حلقہ PP-266 سے قانونگوئی واحد بخش لاڑ کو نکال کر حلقہ PP-265 میں شامل کیا جائے اس طرح دونوں حلقہ جات کی آبادی میں کوئی فرق نہ پڑتا ہے۔ لہذا سنجر پور پٹوارسرکل کو حلقہ PP-266 میں شامل کیا جائے۔

آپشن نمبر 3

یہ کہ حلقہ 266 میں شامل قانونگوئی ٹلو گوٹھ جن کی کل آبادی 106184 ہے۔ جو کہ زیادہ آبادی چکوک حلقہ PP-267 سے

ملحقہ ہے۔حلقہ PP-267 میں شامل صادق آباد شہر قریب ترین چکوک کو حلقہ PP-266 میں شامل کیا گیا ہے۔ جو کہ خلاف ضابطہ ہے۔

اس لئے ٹلو گوٹھ قانونگوئی کی پٹوار سرکل 236P، پٹوار سرکل 261P، پٹوار سرکل 266P کو حلقہ PP-266 سے نکال حلقہ PP-267

میں شامل کیا جائے۔

یہ کہ حلقہ بندی کے بنیادی اصول Section 20 آف الیکشن Act-2017 کے مطابق

All constituencies for general seats shall as for as practicable be delimited having regard to the distribution of population geographically compact areas, physical features, existing boundries of administrative units, facilities of communication and Public convenience and other cogente factor to ensure homogeneity in the creation of constituencies.

یہ کہ حلقہ بندی کرتے وقت ان بنیادی اصولوں کو درست طور پر استعمال نہ کیا گیا ہے جس سے حلقہ کی عوام کو نقصان ہوگا اور مسائل میں اضافہ ہوگا۔

یہ کہ دیگر حلقہ جات سے کوئی سروکار نہ ہے۔

لہذا بذریعہ درخواست استدعا ہے کہ سائل کے اعتراضات کو مدنظر رکھتے ہوئے حلقہ PP-265 حلقہ PP-266 اور حلقہ PP-267 میں تبدیلی کی جائے۔

العارض

سردار نہال خان عباسی
تحصیل صادق آباد ضلع رحیم یار خان
موبائل نمبر 0300-8673199
حلقہ PP-266